© rasailojaraid.com

عمدگی سے آسان اور شگفتہ زبان میں بیان کیا گیا ہے۔ لائق مولف کو سائنس کے مضامین کو اردو میں لکھنے کا خاص سلیقہ ہے۔ وہ اس سے پہلے بھی اس نوع کی دو تین کامیاب کتابیں لکھ چکے ہیں۔ آخر میں مزید افادیت کے لیے مصطلحات کی انگریزی اور اردو دونوں زبانوں میں فہرست بھی شامل کردی گئی ہے۔ سکولرزم کے مارے ہوئے بعض لوگوں کو اس پر اعتراض ہوگا کہ کتاب میں جا بجا دینیات کا پیوند بھی لگا دیا گیا ہے۔ لیکن انھیں معلوم ہونا چاہیے کہ اگر یہ گناہ ہے تو "ایں گناہیست کہ در شہر شما نیز کنند"۔ یورپ سے مشنریز کی سائنس اور مذہب پر لکھی ہوئی جو کتابیں دھڑا دھڑ آرہی ہیں ان میں یہ رنگ صاف نمایاں ہے۔ بہرحال کتاب بہت عمدہ اور مفید ہے۔ ضرورت ہے کہ مدارس عربیہ اور عام قاری بھی اس سے فائدہ اٹھائیں۔

مخطوطات کتب خانۂ دارالعلوم دیوبند مرتبہ مولانا محمد ظفیر الدین، تقطیع متوسط، ضخامت ۲۶۸ صفحات، کتابت وطباعت بہتر، قیمت -/۱۵ پتہ: کتب خانۂ دارالعلوم دیوبند ضلع سہارنپور

دارالعلوم دیوبند کے کتب خانہ میں بے شمار درسی کتابوں کے علاوہ مخطوطات کا بھی بڑا اچھا ذخیرہ ہے اور بعض ان میں بالکل نادر یا کم یاب ہیں۔ گذشتہ چند برسوں میں دارالعلوم میں جو اصلاحات ہوئی ہیں ان میں کتب خانہ کی از سر نو ترتیب و تنظیم اور فہرست سازی بھی ہے۔ اس سلسلہ میں یہ بھی طے پایا کہ مخطوطات کی جمع و ترتیب الگ کی جائے اور ان کی وضاحتی فہرست شائع کی جائے۔ ظاہر ہے اس کام کے لئے لائق مرتب سے زیادہ موزوں اور مناسب کوئی دوسرا شخص نہیں ہوسکتا تھا جن کو ان چیزوں کا طبعی ذوق اور علمی شغف اور سلیقہ خداداد ہے۔ چنانچہ موصوف نے بڑی خوبی اور عمدگی سے اس کام کو انجام دیا ہے۔ زیر تبصرہ کتاب صرف حصہ اول ہے جو پانچسو مخطوطات پر مشتمل ہے۔ ان میں قرآن مجید کے نسخے، حدیث فقہ، علم کلام وغیرہ متعدد علوم و فنون کی کتابیں شامل ہیں (معلوم نہیں تعارف میں یہ کیسے لکھدیا گیا ہے کہ جلد اول صرف علم کلام کی کتابوں پر مشتمل ہے۔ ص ۶) اور ہر کتاب کے تعارف میں اس کا نام، سائز، کاغذ، سن کتابت، مضمون، مخطوطہ کی خصوصیات، سال ولادت و وفات اور جہاں تک ممکن ہوسکا ہے اس کے حالات و سوانح اور ان کے مآخذ۔ ان سب چیزوں کا ذکر کیا ہے۔ خدا کرے باقی جلدیں بھی زیور طباعت سے آراستہ ہوکر جلد منظر عام پر آئیں۔ ارباب تحقیق و

© rasailojaraid.com